
# الطاف حسین منی لانڈرنگ کیس میں زیرحراست، لندن پولیس نے تھانے سے اسپتال منتقل کردیا

**رہائش گاہ کی کئی گھنٹے تلاشی**

## متحدہ کے قائد کو منگل کو رہائشگاہ سے گرفتار کیا گیا، آپریشن صبح ساڑھے 5 بجے شروع ہوا، اسکاٹ لینڈ یارڈ اور ایم کیو ایم نے گرفتاری کی تصدیق کردی



لندن (رپورٹ: رمرتضیٰ علی شاہ) متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کو منی لانڈرنگ کیس میں گرفتاری کے بعد پولیس کی حراست میں منگل کی شام اسپتال منتقل کردیا گیا، الطاف حسین کو منگل کی صبح ڈرامائی طور پر شمال مغربی لندن میں ان کی رہائشگاہ سے حراست میں لیا گیا اور رہائشگاہ کی کئی گھنٹے تلاشی لی گئی جبکہ اسکاٹ لینڈ یارڈ اور ایم کیو ایم نے ان کی گرفتاری کی تصدیق کی ہے۔ اسکاٹ لینڈ یارڈ نے تصدیق کی ہے کہ ایک 60 سالہ شخص کو منی لانڈرنگ کے شبہ میں گرفتار کیا گیا تاہم اس نے الطاف حسین کا نام نہیں لیا۔ جیو نے پولیس اور ایم کیو ایم کے ذرائع کی جانب سے اس بات کی تصدیق کے بعد کہ الطاف حسین کو گرفتار کیا گیا ہے سب سے پہلے یہ خبر نشر کی، پولیس نے جیو کی جانب سے خبر نشر کئے جانے کے کم وبیش ایک گھنٹہ بعد گرفتاری کی تصدیق کی۔ اس کے علاوہ جیو ہی نے شمالی لندن میں الطاف حسین کے مکان کی تلاشی کی فلم دکھائی جس میں اسپیشلسٹ آپریشن یونٹ کے کم وبیش 3 درجن تفتیش کار مکان کی تلاشی لیتے ہوئے نظر آرہے تھے۔ تفتیش کاروں نے تصدیق کی ہے کہ آپریشن صبح ساڑھے 5 بجے شروع کیا گیا تھا گھر میں موجود تمام لوگوں کو گھر خالی کردینے کو کہا گیا تھا اور الطاف حسین کو گرفتار کرلیا گیا تھا۔ ابتدائی طور پر ایم کیو ایم نے الطاف حسین کی گرفتاری کی خبر کی تردید کی تھی اور کئی تردیدی بیان جاری کئے لیکن بعد میں ایک تفصیلی پریس ریلیز جاری کئے جانے کے بعد اس بات کا اعتراف کیا کہ الطاف حسین کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ایم کیو ایم نے بتایا کہ میٹروپولیٹن پولیس شمالی لندن میں الطاف حسین کی رہائشگاہ پر آئی، پولیس کے پاس تلاشی کا وارنٹ تھا، ان کا کہنا تھا وہ الطاف حسین کو گرفتار کرکے پولیس اسٹیشن لے جانا چاہتے ہیں جہاں ان سے منی لانڈرنگ کے حوالے سے پوچھ گچھ کی جائے گی۔ ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ الطاف حسین گزشتہ کئی دن سے شدید بیمار ہیں اور پیر کو ہی ایم کیو ایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی نے ان کی صحت کے بارے میں تبادلہ خیال کے بعد ان کے ذاتی معالج سے رابطہ کیا تھا، ان کے ذاتی معالج نے انھیں اسپتال منتقل کرنے کی ہدایت کی تھی۔ انھوں نے دیگر کئی ماہر ڈاکٹروں سے مشورہ کیا تھا اور یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ منگل کی صبح الطاف حسین کو لندن کے اسپتال میں داخل کرادیا جائے گا جہاں اگلے چند دن تک وہ زیر علاج رہیں گے۔ منگل کی صبح جب پولیس ان کی رہائش گاہ پر پہنچی اور انھیں بتایا کہ وہ انھیں پوچھ گچھ کیلئے گرفتار کرنے آئی ہے تو الطاف حسین اسپتال جانے کیلئے تیار ہورہے تھے۔ بعد میں اسکاٹ لینڈ یارڈ نے تصدیق کی کہ الطاف حسین کو پہلے سے لئے گئے اپائنٹمنٹ کے مطابق میڈیکل چیک اپ کیلئے اسپتال منتقل کیا جارہا ہے۔ ان کو شمال مغربی لندن کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا گیا اور افسران فی الوقت اس گھر کی تلاشی لے رہے ہیں۔ اسکاٹ لینڈ نے بتایا کہ زیر حراست شخص بیمار ہے اور ہم انھیں پہلے سے لئے گئے وقت کے مطابق ان کا چیک اپ کرانے کی یقین دہانی کراتے ہیں لیکن اس دوران وہ پولیس کی زیر حراست رہیں گے۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے